Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱ { مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۴ ربیع الاول سنہ ۱۳۵۹ھ مطابق ۱۳ اپریل سنہ ۱۹۴۰ء } جلد ۵۳

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	قائمی سلسلہ ملازمت کپتان سید ضمیر احمد ایڈی سی	۲		منظوری تعطیلات و اجازت بسلسلہ کارروائی رائے اندازی (ممبران مجلس مقننہ)	۵۳
۲	اضافہ رقم بسلسلہ امداد ماہانہ نفاد سنسکرت پاٹھ شالہ	″			
۳	منظوری نفاذ قانون مردم شماری ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۰ء	۳			
۴	منسوخی ٹھیکہ گھاٹ پیلاکھار و معافی محصول بعوض جدید پل	۴			

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	تعین دار الشفاء بہ عمارت شفاخانہ حیوانات (زیر ضمن ۲ دفعہ ۲ قانون انسداد بیرحمی با جانوران سنہ ۱۹۳۳ء)	۶	۲	منظوری تعین تاریخ و اوقات رائے اندازی	۷

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

رُوبکار:- واقع ۹ر اپریل سنہ ۱۹۴۰ء

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

کپتان سید ضمیر احمد ایڈی سی بحکم ۱۸ر جون سنہ ۱۹۳۹ء ملازمت سے علیحدہ ہوئے۔ اور بحکم ۳۰ر نومبر سنہ ۱۹۳۹ء بحال ہوئے۔ پانچ ماہ بارہ یوم سلسلۂ ملازمت منقطع رہا۔ بپرورش آن کا سلسلۂ ملازمت برقرار رکھا جانا منظور کیا جاتا ہے۔ ایام بے کاری کی تنخواہ نہیں ملے گی۔ نہ یہ مدت علیحدگی پنشن کے لئے شمار ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حکم:- واقع ۹ر اپریل سنہ ۱۹۴۰ء

بموجب رپورٹ رضا سنسکرت پاٹشالہ رامپور کی امداد میں یکم مئی سنہ ۱۹۳۹ء سے ۱۵ (پندرہ روپیہ) ماہانہ کی بیشی منظور ہے۔

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض جناب عالی می رساند

عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ:- رضا سنسکرت پاٹشالہ رامپور کو ۲۵ ماہانہ امداد ملتی تھی۔ اب سناتن سبھا کی استدعا پر حسب ایمائے ہمایوں پاٹشالہ مذکور کی امداد میں مزید ۱۵ ماہانہ کی بیشی یکم مئی سنہ ۱۹۳۹ء سے تجویز کی گئی ہے۔ جس کی منظوری ضابطہ کی ضرورت ہے۔ یہ رقم بجٹ امداد دفعات سے دلائی جائے گی۔ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ یکم اپریل سنہ ۱۹۴۰ء میں تجویز مصدرہ بالا سے اتفاق کرلیا ہے۔ لہذا ترقیخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری بیشی امداد بحساب ۱۵ ماہانہ از یکم مئی سنہ ۱۹۳۹ء شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب

دولت واقبال جاوید باد

عرضی

ترقیخواہ دستخط عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر

معروضہ ۶ر اپریل سنہ ۱۹۴۰ء

حکم:- واقع ۸ر اپریل ۱۹۴۰ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب استدعائے عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر بہ منظوری تجویز مندرجہ عرضداشت قانون مردم شماری ریاست رامپور ۱۹۴۰ء کا نفاذ منظور کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — می رساند

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ یکم اپریل ۱۹۴۰ء میں عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ:-

(۱) بسلسلۂ مردم شماری بحکم اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم مصدرہ ۲ر نومبر ۱۹۳۹ء عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر بطور اسٹیٹ سنسس کمشنر اور عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر برائے میونسپلٹی ٹاؤن ایریا اور صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر بہادر برائے مضافات بطور اسسٹنٹ کمشنر مقرر فرمائے گئے ہیں۔ چونکہ ٹاؤن ایریا مضافات کا ایک جزو ہیں۔ لہذا بمشورہ باہمی طے ہوا کہ عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر بہ حیثیت اسٹیٹ سنسس کمشنر اور عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر برائے شہر رامپور اور صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر بہادر برائے مضافات بہ حیثیت سپرنٹنڈنٹ مردم شماری مقرر فرمائے جائیں۔

(۲) چونکہ مردم شماری کے لئے یہ ضروری امر ہے کہ اس کی کل کاروائی تحت قانون مردم شماری عمل میں آئے۔ لہذا مسودہ "قانون مردم شماری ریاست رامپور ۱۹۴۰ء" مرتب کرکے ارسال ہے۔ چونکہ قانون ہذا کا نفاذ ضروری اور غیر مناززعہ ہے۔ لہذا قابل صدور منظوری از اجلاس ہمایوں ہے۔ اسٹیٹ کونسل کو بھی تجویز کے جزو دوم مراتب معروضہ بالا کی منظوری سے اتفاق ہے۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت و اقبال جاوید باد

[illegible]

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۔ ر اپریل ۱۹۴۰ء

نوٹ۔ قانون محولۂ بالا کی کاپی گزٹ کے آخر میں شامل ہے۔

حکم: واقع ۹؍اپریل سنہ ۱۹۴۰ء

بموجب رپورٹ۔ تنسیخ ٹھیکہ گھاٹ پیلاکھار متصل چھتنیا جاگیر اور معافی محصول عبور جدید پُل کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات خدا عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض می رساند

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ یکم اپریل سنہ ۱۹۴۰ء میں عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بدینخلاصہ پیش ہوئی کہ گھاٹ پیلاکھار متصل چھتنیا جاگیر پر محصول عبور لیا جاتا تھا۔ لیکن اب وہاں پختہ پُل تعمیر ہوگیا ہے۔ جو عنقریب قابل عبور ہوجائیگا۔ چونکہ ریاست میں ٹرانسپورٹ کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے بالعموم پختہ پلوں کا محصول عبور معاف فرمایا جاچکا ہے۔ لہذا اس جدید پل پر بھی محصول عبور معاف فرمایا جائے۔ چونکہ آئندہ عبور بذریعہ پل ہوگا۔ لہذا یہ گھاٹ بھی جس کی سالانہ آمدنی ۱۲ ہے قائم نہ رہے گا۔ صیغہ فائنانس کو تجویز سے اتفاق ہے۔ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ مذکور میں ٹھیکہ گھاٹ کی تنسیخ از یکم فروری سنہ ۱۹۴۰ء اور جدید تعمیر شدہ پل پر محصول عبور کی معافی سے اتفاق کیا ہے۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۸؍اپریل سنہ ۱۹۴۰ء

سررشتہ صدر احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۱۰؍اپریل سنہ ۱۹۴۰ء

دستخط عالی مرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

حکم: واقع ۱۱؍اپریل سنہ ۱۹۴۰ء

حسب صراحت رپورٹ۔ تعطیلات و اجازت کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض می رساند

جناب عالی

عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی کی تجویز ہے کہ بسلسلہ کارروائی رائے اندازی بتاریخہائے ۲۰؍۲۲ و ۲۳؍اپریل سنہ ۱۹۴۰ء بموجب فہرست منسلکہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ۲۰؍اور ۲۲؍اپریل سنہ ۱۹۴۰ء کو جملہ دفاتر وغیرہ کی عام تعطیل منظور فرمائی جائے۔ اور ۲۳؍اپریل سنہ ۱۹۴۰ء کو بسلسلہ رائے اندازی حلقہ جات ٹھیکہ داران، زمینداران، جاگیرداران

ومعافیہ داران صرف پولنگ افسران
اور محرران کو حاضری دفتر سے مستثنیٰ فرمایا جائے
اور افسران صیغہ کو اس امر کی اجازت عطا فرمائی
جائے کہ وہ جن ملازمان کو بسلسلۂ رائے اندازی اجازت
دینا مناسب خیال کریں، اجازت دے سکیں
لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں
سے حکم منظوری تعطیلات و اجازت حسب معروضہ
بالا شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب
دولت و اقبال جاوید باد۔

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر
معروضہ ۱۳ اپریل ۱۹۴۳ء

ARMY ORDERS

BY

Command of General His Highness the Nawab of Rampur.

Dated 7th April, 1940.

No. 65 Discipline.

The following punishment was awarded by General His Highness the Nawab of Rampur on 6-4-1940:-

Captain Mashkoor Ali Khan of 1st Rampur (Raza) Infantry, forfeits one year's Seniority in the rank of Captain.

Charge- Neglect of Duty, in that he, at Rampur on 4-4-1940, neglected to perform the duties of Officer i/c Batts as laid down in Regulations.

By Command of
General His Highness
THE NAWAB OF RAMPUR

Sd:- C. G. Small.
Colonel,
Chief Commandant,
& Military Secretary.

Copy to:—

The Hon'ble Chief Minister, Rampur.
The Assistant Military Secretary, Rampur.
The O.C. 1st Rampur (Raza) Infantry.
The State Press, for publication in the State Gazette.

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم

واقع ۶ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

گورنمنٹ رامپور شفاخانہ حیوانات واقع متصل فیل خانہ سرکاری شہر رامپور کو زیر ضمن ۲ دفعہ ۳ قانون انسداد بیرحمی جانوران ریاست رامپور سنہ ۱۹۳۰ء دار الشفا معین کرتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو- ایک نقل برائے پیشی اسٹیٹ کونسل صاحب سکریٹری بہادر کونسل کی خدمت میں ارسال کی جائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

واقع ۱۱ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

حسب تحریر عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی حسب دفعہ ۸ حصہ دوم دستور اساسی برائے حلقہ جات انتخاب تاریخ اور اوقات رائے اندازی کا تعین بموجب فہرست منسلکہ منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو- ایک نقل برائے پیشی کونسل بخدمت صاحب سکریٹری بہادر کونسل ارسال کیجائے

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

فہرست رائے اندازی

نمبر	تاریخ	نام حلقہ رائے اندازی	اوقات رائے اندازی
۱	۳۰ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء	حلقہ نمبر ۱ زراعت پیشگان مسلم ضلع تحصیل	۹ بجے صبح سے بارہ بجے تک - اور ایک بجے دوپہر سے پانچ بجے شام تک
۲	″	حلقہ نمبر ۱۴ تجارت پیشگان	بدستور صدر
۳	″	وکالت پیشگان حلقہ نمبر ۱۳	بارہ بجے دوپہر سے دو بجے ایک
۱	۲۲ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء	حلقہ نمبر ۱۱ میونسپل بورڈ	بارہ بجے دوپہر سے دو بجے تک
		حلقہ نمبر ۷ پولیس پلٹن سوار شاگرد پیشہ [illegible]	آٹھ بجے سے بارہ بجے تک اور ایک بجے سے پانچ بجے شام تک

۱	۲۲ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء	حلقہ ۸ ملک غیر مسلم زراعت پیشگان زمینداران حلقہ ۹ حلقہ ۱۰ ٹھیکہ داران حلقہ ۱۱ وجاگیرداران و معافی داران	آٹھ بجے صبح سے بارہ بجے تک اور ایک بجے دوپہر سے پانچ بجے تک

نوٹ

اگر باعتبار رویت ہلال تعطیل بارہ وفات بجائے ۲۱ر اپریل کے ۲۰ر اپریل کو ہوئی تو رائے اندازی بتاریخ ۲۱ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء ہوگی۔